## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سانحہ پی آئی ڈی سی کے سینکڑوں متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس اور نقد رقوم تقسیم کی گئی

## ایم کیو ایم دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، مصطفیٰ کمال امدادی تقریب کے شرکاء سے خطاب

کراچی۔۔۔13،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہفتے کے روز سانحہ پی آئی ڈی سی کے سینکڑوں متاثرہ خاندانوں میں ایک کروڑ روپے سے زائد کی امداد تقسیم کی گئی جس میں نقد رقوم، غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان شامل ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر جائے وقوعہ پر متاثرین کی امداد کیلئے پروگرام منعقد کیا گیا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی سید مصطفیٰ کمال، رکن رابطہ کمیٹی وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون ،حق پرست وزراء بابر خان غوری، شیخ محمد افضل، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت، مقیم عالم، طاہر قریشی، شعیب ابراہیم کے علاوہ کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم کے مقامی سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار بھی موجود تھے۔حق پرست نمائندوں نے متاثرین پی آئی ڈی سی میں امدادسامان ونقد رقوم تقسیم کی جس میں پندرہ دن کے مکمل راشن پر مشتمل ایک بڑا پیکٹ جس میں چینی، آٹا، چاول، دالیں تیل، خشک دودھ اور بچوں کا دودھ کے علاوہ کمبل، خیمے، پینے کے صاف پانی کی بوتلیں اور دیگر امدادی اشیاء بھی شامل ہیں۔ سانحہ پی آئی ڈی سی کے متاثرہ خاندانوں نے امداد ورقم کی فراہمی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر کیا اور کہا کہ سی آئی ڈی کی بلڈنگ پر بم دھماکے کو 36 گھنٹے سے زائد وقت گذر چکا ہے تاہم ماسوائے ایم کیو ایم کے ابھی تک کسی اور سیاسی، سماجی جماعت یا حکومت نے ہماری دادرسی تو دور کی بات ہماری خبر بھی نہیں لی، ہم کھلے آسمان تلے بے سروسامان پڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جو مشکل اور دکھ کی اس گھڑی میں سب سے پہلے ہماری دہلیز پر آئی اور اس نے ہمارے دکھ درد کا نہ صرف مداوا کیا ہے بلکہ ہمارے ساتھ کھڑے رہنے کا عزم بھی کیا ہے۔ جائے وقوعہ کے نزدیک خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ایک بڑا کیمپ بھی لگایا گیا ہے جس میں تمام متاثرین کی رجسٹریشن کا کام جاری ہے اور اس سلسلے میں متاثرین کے شناختی کارڈ کے مطابق رجسٹریشن فارم فل کیے جارہے ہیں جس سے ان کی امداد کے سلسلے کو مزید آگے بڑھایا جائے گا اور ان کے نقصانات کا تخمینہ لگا کر انہیں گھروں کی از سر نو تعمیر کیلئے مزید رقوم فراہم کی جائیں گی۔ متاثرہ خاندانوں کو پہلے مرحلے میں ایک کروڑ روپے سے زائد کی نقد امدادی رقوم دی گئی جبکہ سروے مکمل ہونے پر سلسلہ متاثرین کی مکمل بحالی تک جاری رہے گا۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرہ خاندانوں کو کیمپ سے تیار کھانے بھی فراہم کرنے کا مکمل انتظام کیا گیا ہے اور زخمیوں کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایم کیو ایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی نے متاثرہ علاقے میں ہنگامی طور پر مفت طبّی کیمپ بھی قائم کردیا ہے جہاں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف ارکان چوبیس گھنٹے موجود رہیں گے۔ قبل ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و سابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے امدادی تقریب میں متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم بلاتفریق رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کے دکھ اور پریشانیوں کو دور کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ ایم کیو ایم متاثرین کو کسی صورت تنہاء نہیں چھوڑے گی اور ان کی مکمل بحالی تک امدادی سرگرمیاں جاری رکھے گی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن، مقیم عالم، طاہر قریشی، شعیب ابراہیم نے ہاشمی کالونی، مدینہ بستی، کے ایم سی کواٹر، سول لائن پولیس کواٹر کے متاثرین کے گھروں پر جا کر ان میں غذائی اجناس اور دیگر امدادسامان تقسیم کیا۔

## غریب عوام کو بار بار مشق ستم بنانے کے بجائے جاگیرداروں اور وڈیروں کی زرعی زمینوں پر ٹیکس نافذ کئے جائیں ،حق پرست سینیٹرز

کراچی۔۔۔13،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے کہا ہے کہ حکومت ٹیکسوں کے نام پر غریب عوام پر بوجھ ڈالنے کی پالیسی ترک کرے اور اصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس، فلڈ سرچارج کی منظوری اور ایکسائز ڈیوٹی جیسے عوام دشمن اور غیر منطقی اقدامات کا سلسلہ فی الفور بند کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے، حکومت غریب عوام کو ان مسائل سے چھٹکارا دلانے کے بجائے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ٹیکسوں کے بار تلے دبانا چاہتی ہے اور عوام پر نام نہاد ٹیکس عائد کرکے ان سے جینے کا حق بھی چھین لینا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب عوام کو بار بار مشق ستم بنانے کے بجائے جاگیرداروں اور وڈیروں کی زرعی زمینوں پر ٹیکس نافذ کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ریفارمڈ جی ایس ٹی بل اور دیگر ٹیکسوں کو عوام مسترد کرچکے ہیں لہٰذا حکومت بھی ایسے کسی عمل سے باز رہے جس سے عوام کی خواہشات اور امنگوں کو ٹھیس پہنچے اور انہیں سفید پوشی کا بھرم قائم رکھنا بھی مشکل ہوجائے۔ حق پرست اراکین سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ اصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس، فلڈ سرچارج کی منظور اور ایکسائز ڈیوٹی جیسے غیر منطقی اقدامات کو فی الفور واپس لیا جائے اور اس ضمن میں مثبت پالیسیاں ترتیب دے کر غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان انیس احمد ایڈووکیٹ، واسع جلیل اور حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے شہداء قبرستان میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق سمیت حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی

کراچی۔۔۔13، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکان انیس احمد ایڈووکیٹ، واسع جلیل اور حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے یسین آباد کے شہداء قبرستان کا دورہ کیا اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق سمیت دیگر حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی۔ رابطہ کمیٹی رکن انیس ایڈووکیٹ نے لندن رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے تمام اراکین کی جانب سے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور شہداء کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

## ملتان میں رونما ہونیوالے دالخراش واقعہ نے ہر دردمند دل رکھنے والے شخص کو افسردہ کردیا ہے، ڈاکٹر ندیم احسان، عبدالقادر خانزادہ واردات میں ملوث سفاک قاتلوں کو فی الفور گرفتار کرکے سخت سزادی جائے

کراچی۔۔۔13، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور عبدالقادر خانزادہ نے ملتان میں یونیورسٹی ملازم کی بہواور 2 بیٹوں کے قتل کی واردات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ میں ملوث سفاک قاتلوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملتان میں رونما ہونے والے اس دالخراش واقعہ نے ہر دردمند دل رکھنے والے شخص کو افسردہ کردیا ہے اور جو سفاک عناصر بھی اس گھناؤنی واردات میں ملوث ہیں وہ کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ انہوں نے مقتولین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور تشویشناک حالت میں زیر علاج افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ ڈاکٹر ندیم احسان اور عبدالقاعر خانزادہ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ ملتان میں یونیورسٹی ملازم کی بہواور 2 بیٹے کے بہیمانہ قتل کی تحقیقات کرائی جائے اور اس میں ملوث سفاک عناصر کو قانون کے مطابق سخت سزادی جائے۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن سیّد محمد فرید کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔13 نومبر 2010ء

ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ B-103 کے کارکن سید محمد فرید علالت کے باعث انتقال انتقال کر گئے انکی عمر 32 سال تھی مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، چار بیٹے اور ایک بیٹی شامل ہیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ B-103 کے کارکن سیّد محمد فرید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقا عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔13 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ B-103 کے کارکن سیّد محمد فرید، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی آگرہ تاج سیکٹر یوسی 1 آگرہ تاج کالونی کے کارکن مسعود کے والد ریاض، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن علی مرتضٰی کے والد جان محمد، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی اولڈ ملیر سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج رشید احمد جوکھیو کے والد حاجی محمد ادریس جوکھیو اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے کارکن عبدالسلیم کی والدہ محترمہ اصغر بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا راظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆